سوال

(785) میرے گھریلو حالات بہت خراب ہیں اور سسرال والوں   لئے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

محترم حافظ صاحب میرے گھریلو حالات بہت خراب ہیں اور سسرال والوں سے بھی شدید قسم کا جھگڑا چل رہا ہے میں حق پر ہوں آپ میرے لیے دعا فرمائیں اور کوئی وظیفہ بھی بتائیں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اللہ تعالیٰ ہمہ قسم کی پریشانیاں دور فرمائے بالخصوص آپ کے گھریلو حالات کو جلد از جلد درست فرمائے آپ کے سسرال والوں کو بھی راہ راست پر لائے اب دعا کرتا ہوں آپ کے لیے اصلاح احوال کی رات کو بھی دعا کروں گا ان شاء اللہ تعالیٰ ۔ آپ یہ دعا بکثرت پڑھتے رہا کریں { رَبَّنَا ہَبۡ لَنَا مِنۡ اَزۡوَاجِنَا وَذُرِّیّٰتِنَا قُرَّۃَ اَعۡیُنٍ وَّاجۡعَلۡنَا لِلۡمُتَّقِیۡنَ اِمَامًا } 1[اے ہمارے پروردگار ہم کو ہماری بیویوں اور اولاد سے آنکھوں کی ٹھنڈک عنایت کر اور ہم کو متقیوں کا امام بنا]

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے : ''جمعہ کے روز ایک گھڑی ہوتی ہے اس گھڑی میں مسلمان جو جائز ضرورت اللہ کے سامنے پیش کرے اللہ تعالیٰ اس کی جائز دعا قبول کرتے ہیں اور وہی چیز اسے عطا فرما دیتے ہیں جو اس نے طلب کی ہو اس لیے جمعہ والے دن آپ اس گھڑی میں مذکورہ بالا دعا پڑھیں اور اس عمل کو جاری رکھیں وہ گھڑی ایک روایت کے مطابق امام کے منبر پر بیٹھنے سے لے کر نماز جمعہ سے فارغ ہونے تک ہے اور دوسری روایت کے مطابق نماز عصر کے بعد غروب تک ہے آپ ان دونوں وقتوں میں اصلاحِ احوال کی دعا کرتے رہیں ۔ ان شاء اللہ تعالیٰ آپ کی دعا قبول ہوگی اور آپ کی پریشانی دور ہو جائے گی ان شاء اللہ تعالیٰ   ۲۵/۸/۱۴۱۱ھ

1[الفرقان ۷۴،پ ۱۹]

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

جلد01ص502

محدث فتویٰ